روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

قائمقام ایڈیٹر : فخر الحق شمس

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعرات یکم جولائی 2010ء 18 رجب 1431 ہجری یکم وفا 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 139

اللہ کی اطاعت

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

اور جب میرے بندے تجھ سے میرے متعلق سوال کریں تو یقیناً میں قریب ہوں۔ میں دعا کرنے والے کی دعا کا جواب دیتا ہوں۔ جب وہ مجھے پکارتا ہے۔ پس چاہئے کہ وہ بھی میری بات پر لبیک کہیں اور مجھ پر ایمان لائیں تا کہ وہ ہدایت پائیں۔

(البقرۃ:187)

35 ویں جلسہ سالانہ جرمنی کے دوسرے روز حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا لجنہ سے خطاب 26 جون 2010ء

خدا تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی ہی حقیقی جنت اور فوز عظیم ہے

ایک دوسرے کے حقوق کی حفاظت کریں، محبت کے تعلقات بڑھائیں اور رنجشیں دور کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے جلسہ سالانہ جرمنی 2010ء میں دوسرے روز کے خطاب کا خلاصہ بمقام من ہائم جرمنی

حضور انور کے خطاب کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

35 ویں جلسہ سالانہ جرمنی کے دوسرے روز مورخہ 26 جون 2010ء کو جلسہ گاہ من ہائیم جرمنی میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز لجنہ اماء اللہ سے خطاب کیلئے پاکستانی وقت کے مطابق تقریباً تین بج کر پانچ منٹ پر جلوہ افروز ہوئے۔ جلسہ کی یہ کارروائی ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست نشر کی گئی۔

قرآن کریم کی سورۃ التوبہ آیات 111 تا 113 کی تلاوت و ترجمہ کے بعد منظوم کلام حضرت مسیح موعود ''واہ رے باغ محبت'' ترنم کے ساتھ پیش کیا گیا۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے تشہد، تعوذ و سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد قرآن کریم کی سورۃ التوبہ کی آیت نمبر 72 کی تلاوت فرمائی جس کا ترجمہ یہ ہے۔

''اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے ایسی جنتوں کا وعدہ کیا ہے جن کے دامن میں نہریں بہتی ہوں گی، وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اسی طرح بہت پاکیزہ گھروں کا بھی جو دائمی جنتوں میں ہوں گے۔ تاہم اللہ کی رضا سب سے بڑھ کر ہے یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔''

حضور انور نے فرمایا جنت ایک ایسا لفظ ہے جو ہر انسان کو بڑا خوبصورت لگتا ہے چاہے وہ خدا کو مانتا ہے یا نہیں مانتا۔ کسی کے لئے دنیا کی لہو و لعب کھیل کود اور یہ زندگی جنت ہے۔ تو کوئی دنیا و آخرت کی جنت کی تلاش میں ہے۔ لیکن مومن اور غیر مومن میں دنیاوی جنت کی تعریف میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔

مومن کی اس دنیا کی جنت بھی خدا تعالیٰ کی رضا میں ہے اور غیر مومن کا اس سے دور کا واسطہ بھی نہیں۔ مومن کا اس دنیا کی جنت کا حصول بھی اخروی جنت کے حصول کے لئے ہے جو حقیقی جنت ہے۔ قرآن کریم میں مومن مردوں اور عورتوں سے جنت کا وعدہ کیا گیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا جنت کیا چیز ہے اس بارے میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔ جنت پوشیدہ کو کہتے ہیں۔ یعنی ایسی چیز جس کے بارے میں پورا علم نہ ہو۔ اس کے اندر کے حال کا صحیح طرح سے فہم و ادراک نہ ہو۔ پھر فرمایا کہ جنت کو جنت اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ نعمتوں سے ڈھکی ہوئی ہوتی ہے۔ اس دنیا کی جو جنت ہے۔ اس میں کوئی چیز بھی چھپی ہوئی نہیں ہے۔ پس اللہ تعالیٰ مومن مردوں اور عورتوں سے ایسی نعمتوں کا وعدہ کرتا ہے جس کا انسان احاطہ نہیں کر سکتا۔ صرف ایمان لانے سے ہی جنت نہیں مل جائے گی بلکہ یہ ان اعمال کی جزاء ہے جو انسان بجالاتا ہے صرف ایمان لا کر اس پر خوش ہو جانا کافی نہیں۔ بلکہ ایک مومن مرد اور ایک مومن عورت کو اپنے ایمان کو نیک اعمال سے سجانے کی ضرورت ہے۔ عبادات سے سجانے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ اصل مقصد خدا تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنا ہے۔

حضور انور نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں جنت کا کچھ ظاہری نقشہ بھی کھینچا ہے اور اس کے حصول کے بعد مومنین کے مقام کا بھی اور یہ نقشہ صرف ایک تمثیلی نقشہ ہے۔ حضرت مسیح موعود اس کی اصل حقیقت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ کوئی نفس نیکی کرنے والا نہیں جانتا کہ وہ کیا کیا نعمتیں ہیں جو اس سے مخفی ہیں ہمارے سید و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ فرماتے ہیں کہ بہشت اور اس کی نعمتیں وہ چیزیں ہیں جو نہ کبھی کسی آنکھ نے دیکھی اور نہ کسی کان نے سنی اور نہ کبھی دلوں میں گزری۔ پس اگر ہم اخروی دنیا کی چیزوں کو اس دنیا کی چیزوں کے ساتھ مشابہت دیں تو یہ خیالات ہمیں اصل مقصد سے دور لے جائیں گے۔ گو ان نعماء کا ذکر جسمانی رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ پس جو جنت اخروی جنت ہے اس کے حصول کی کوششیں اس دنیا میں ہی شروع ہو جاتی ہیں۔ پس جو مومن جس قدر اس دنیا میں خدا کی رضا کے حصول کے لئے کوشش کرے گا اس سے بڑھ کر اسے جنت میں اجر ملے گا۔ جس کا انسان احاطہ نہیں کر سکتا۔

اس جنت میں مومن کے مقام کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جن نعمتوں کا تم سے وعدہ کیا ہے کہ ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں دنیاوی نہریں تو پہاڑوں پر پڑنے والی برف اور بارشوں کی مرہون منت ہیں اگر بارش نہ ہو اور برف نہ پڑے تو نہریں اور دریا سوکھ جاتے ہیں یا اگر زیادہ بارشیں ہو جائیں اور برفیں پڑ جائیں تو سیلاب آ جاتے ہیں لیکن یہ نعمتوں والی نہریں خشک ہونے والی نہیں اور نہ ہی تباہی مچانے والی ہیں یہ نہریں تمہارے زیر تسلط ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے خالدین فیھا ابدا۔ یہ جنتیں ابدی ہیں عارضی نہیں اور ان سے فائدہ اٹھانے کی کوئی حد مقرر نہیں۔

حضور انور نے فرمایا پھر ان جنتوں میں کہاں رہنا ہے۔ مساکن طیبۃ کہہ کر بتا دیا کہ بہت ہی

باقی صفحہ 12 پر

انٹرنیٹ کے رابطوں کے بارہ میں احتیاط

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

''اب اس طرح کا کام، بری عورتوں والا، انٹرنیٹ نے بھی شروع کر دیا ہے۔ جرمنی وغیرہ میں اور بعض دیگر ممالک میں ایسی شکایات پیدا ہوئی ہیں کہ بعض لوگوں کے گروہ بنے ہوئے ہیں جو آہستہ آہستہ پہلے علمی باتیں کر کے یا دوسری باتیں کر کے چارہ ڈالتے ہیں اور پھر دوستیاں پیدا ہوتی ہیں اور پھر غلط راستوں پر ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

مَیں متعدد بار انٹرنیٹ کے رابطوں کے بارہ میں احتیاط کا کہہ چکا ہوں۔ بعد میں پچھتانے کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ یہ باپوں کی بھی ذمہ داری ہے، یہ ماؤں کی بھی ذمہ داری ہے کہ انٹرنیٹ کے رابطوں کے بارہ میں بچوں کو ہوشیار کریں۔ خاص طور پر بچیوں کو۔ اللہ تعالیٰ ہماری بچیوں کو محفوظ رکھے۔ تو ملازم رکھنے ہوں یا دوستیاں کرنی ہوں جس کو آپ اپنے گھر میں لے کر آ رہے ہیں اس کے بارہ میں بہت چھان بین کر لیا کریں۔ آج کل کا معاشرہ ایسا نہیں کہ ہر ایک کو بلا سوچے سمجھے اپنے گھر میں لے آئیں۔ یہ قرآن کا حکم ہے اور اس پر عمل کرنے میں ہی ہماری بھلائی ہے۔''

(خطبات مسرور جلد دوم صفحہ 92، 93)

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2010ء)

درخواست دعا

مورخہ 28 مئی 2010ء کو بیت النور اور دارالذکر لاہور میں ہونے والے دہشت گردی کے انتہائی افسوسناک سانحہ میں زخمی افراد میں سے بعض احباب شدید زخمی ہیں۔ احباب جماعت ان تمام زخمیوں کی کامل و عاجل شفایابی کیلئے بکثرت دعائیں کرتے رہیں۔ نیز دعا کرتے رہیں کہ خدا تعالیٰ ہر احمدی کو ہر قسم کے شر سے ہمیشہ محفوظ رکھے۔ آمین

شمائل احمد

آؤ ہم اکٹھے کھانا کھائیں

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب تحریر فرماتے ہیں۔

دلداری اور غریب نوازی کا ایک واقعہ بہت پیارا اور نہایت ایمان افروز ہے۔منشی ظفر احمد صاحب روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت مسیح موعود مغرب کی نماز کے بعد.........مبارک قادیان کی اوپر کی چھت پر چند مہمانوں کے ساتھ کھانا کھانے کے انتظار میں تشریف فرما تھے۔اس وقت ایک احمدی دوست میاں نظام دین صاحب ساکن لدھیانہ جو بہت غریب آدمی تھے۔ اور ان کے کپڑے بھی پھٹے پرانے تھے حضور سے چار پانچ آدمیوں کے فاصلہ پر بیٹھے تھے۔اتنے میں چند معزز مہمان آ کر حضور کے قریب بیٹھتے گئے اور ان کی وجہ سے ہر دفعہ میاں نظام دین کو پرے ہٹنا پڑتا کہ وہ ہٹتے ہٹتے جوتیوں کی جگہ پر پہنچ گئے۔اتنے میں کھانا آیا تو حضور نے جو یہ سارا نظارہ دیکھ رہے تھے ایک سالن کا پیالہ اور کچھ روٹیاں ہاتھ میں اٹھالیں اور میاں نظام دین سے مخاطب ہو کر فرمایا ''آؤ میاں نظام دین ہم اور آپ اندر بیٹھ کر کھانا کھائیں۔'' یہ فرما کر حضور بیت الذکر کے ساتھ والی کوٹھڑی میں تشریف لے گئے اور حضور نے اور میاں نظام دین نے کوٹھڑی کے اندر اکٹھے بیٹھ کر ایک ہی پیالہ میں کھانا کھایا۔اس وقت میاں نظام دین خوشی سے پھولے نہیں سماتے تھے اور جو لوگ میاں نظام دین کو عملاً پرے دھکیل کر حضرت مسیح موعود کے قریب بیٹھ گئے تھے وہ شرم سے کٹے جاتے تھے۔

اس لطیف روایت سے تکبر اور نخوت کے خلاف اور دلداری اور مساوات اور اخوت اور غریب نوازی کے حق میں جو عظیم الشان سبق حاصل ہوتا ہے وہ کسی تشریح کا محتاج نہیں اور حضرت مسیح موعود نے کمال دانائی سے یہ سبق اپنے قول سے نہیں بلکہ اپنے عمل سے دیا جو قول کی نسبت ہمیشہ زیادہ اثر رکھتا ہے۔آپ کی غریب نواز آنکھ نے دیکھا کہ ایک خستہ حال دریدہ لباس مہمان کو آہستہ آہستہ نام نہاد ''بڑے لوگوں'' نے دانستہ یا نادانستہ جوتیوں کی طرف دھکیل دیا ہے تو اس (۔) نظارے سے آپ کے دل کو سخت چوٹ لگی اور اس غریب شخص کے جذبات کا خیال کر کے آپ کا دل بے چین ہو گیا اور آپ نے فوراً سالن کا پیالہ اور روٹیاں اٹھائیں اور اس مہمان کو ساتھ لے کر قریب کے حجرے میں تشریف لے گئے اور وہاں اس کے ساتھ مل کر کھانا کھایا۔ بے شک جس شخص کو خدا نے دنیا میں عزت دی ہے ہمارا فرض ہے کہ عام حالات میں اس کے ظاہری اکرام کا خیال رکھیں لیکن یہ اکرام ایسے رنگ میں نہیں ہونا چاہئے کہ جس میں کسی غریب شخص کی تذلیل یا دل شکنی کا پہلو پیدا ہو۔

﴿سیرۃ طیبہ۔ صفحہ 188﴾

اشک پلکوں پہ آ کر دعا ہو گئے

ہر طرف ٹوٹتی سانس کی ہچکیاں، یہ شب و روز گویا سزا ہو گئے
نفرتوں کی وہ ظالم چلی آندھیاں، کتنے پتے شجر سے جدا ہو گئے

چار جانب ہے چھائی ہوئی اک گھٹن، سُونا سُونا لگے آہ میرا چمن
روشنی کی نظر اب نہ آئے کرن، سب مکین و مکاں بے صدا ہو گئے

تو نے انساں بنایا کرے بندگی، پر اجیرن ہوئی آہ یہ زندگی
بھول کر بندگی کے سبھی یہ چلن، تیرے بندے خدایا! خدا ہو گئے

دیکھئے آ کے ہم کتنے مجبور ہیں، آپ سے دور ہیں کتنے مہجور ہیں
آنکھیں پُرنم ہوئیں ہونٹ خاموش ہیں، آپ کیوں ہم سے اتنے خفا ہو گئے

آپ کی چاہ جرم و خطا بن گئی، ایک ظالم کی مظلوم سے ٹھن گئی
میرے خوابوں پہ بھی اب ہیں پہرے لگے، جرم ناکردہ میری خطا ہو گئے

دیکھ میری وفا کو نہ تُو آزما، ہے عقیدت کا اعجاز بالکل جدا
پوچھتی ہے احد کی بلالی صدا جسم او رجان کب سے جدا ہو گئے؟

اے نسیم سحر! ان کو جا کر بتا' ان کی چاہت میں ذرہ بھی اختر بنا
قافلہ جاں نثاروں کا جونہی چلا، اشک پلکوں پہ آ کر دعا ہو گئے

جان قربان کی یہ حقیقت لکھیں، زندگی پا گئے کیسے مردہ کہیں؟
ان کی خاطر ندیمؔ آ دعائیں کریں، باوفا عشق میں جو فدا ہو گئے

انور ندیمؔ علوی

(1) سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ یورپ

بیلجیئم اور جرمنی میں ورود، تقریب بیعت اور نومبائعین کے تاثرات

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

19 جون 2010ء

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز یورپ کے تین ممالک بیلجیئم، جرمنی اور ہالینڈ کے سفر پر روانہ ہونے کے لئے صبح گیارہ بجکر بیس منٹ پر اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے۔

حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے احباب جماعت مرد وخواتین بیت الفضل لندن کے احاطہ میں جمع تھے۔ حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کرکے سب کو السلام علیکم کہا۔ کینیڈا سے آئے ہوئے ہمارے عرب مہمان مکرم مصطفیٰ ثابت صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے شرف مصافحہ حاصل کیا۔ حضور انور نے ان کا حال دریافت فرمایا اور کامل صحت کے لئے دعا دی۔ موصوف ایک عرصہ سے بیمار ہیں جس کے باعث MTA کے عربی پروگرام الحوار المباشر میں شرکت نہیں کر رہے۔ آجکل لندن میں مقیم ہیں۔

لندن سے روانگی

بعدازاں حضور انور نے اجتماعی دعا کروائی۔ جس کے بعد چھ گاڑیوں پر مشتمل قافلہ برطانیہ کی بندرگاہ Dover (Port) کے لئے روانہ ہوا۔ ان میں دو گاڑیاں مرکز اور جماعت انگلستان کی نمائندگی میں حضور انور کو الوداع کرنے کے لئے Dover تک جارہی تھیں۔ لندن سے Dover 109 میل کے فاصلہ پر ہے۔ یہ مسافت قریباً ڈیڑھ گھنٹہ میں طے کرنے کے بعد بارہ بجکر پچاس منٹ پر قافلہ Dover کی بندرگاہ پر پہنچا۔

مکرم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت یوکے، مکرم عطاء المجیب راشد صاحب مربی انچارج یوکے، مکرم ظہور احمد صاحب (دفتر پرائیویٹ سیکرٹری)، مکرم اخلاق احمد انجم صاحب (دفتر تبشیر)، مکرم ٹومی کالون صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ یوکے، مکرم رفیق جاوید صاحب نائب صدر مجلس انصاراللہ یوکے، سیکیورٹی سٹاف کے ممبران اور خدام کی سیکیورٹی ٹیم کے ساتھ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو الوداع کہنے کے لئے قافلہ کے ساتھ آئے تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہ شفقت گاڑی سے باہر تشریف لائے اور الوداع کہنے کے لئے ساتھ آنے والے عہدیداروں اور خدام کی سیکیورٹی ٹیم کو شرف مصافحہ بخشا۔

بعدازاں قافلہ روانہ ہوکر فیری ٹرمینل پہنچا جہاں امیگریشن کی کارروائی اور دیگر سفری امور کی تکمیل کے بعد ایک بجکر پینتیس منٹ پر جہازراں کمپنی P&O کی فیری Pride of Burgandy میں سوار ہوئے۔ گاڑیاں فیری (Ferry) کے اندر پارک ہونے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سپیشل لاؤنج میں تشریف لے گئے۔

ایک بجکر پینتالیس منٹ پر فیری Dover سے فرانس کی بندرگاہ Calais کے لئے روانہ ہوئی۔ قریباً ایک گھنٹہ پینتیس منٹ کے سفر کے بعد فرانس کے مقامی وقت کے مطابق چار بجکر بیس منٹ پر فرانس کی بندرگاہ Calais پر لنگر انداز ہوئی۔

(فرانس اور برطانیہ کے وقت میں ایک گھنٹہ کا فرق ہے اور فرانس کا وقت برطانیہ سے ایک گھنٹہ آگے ہے)

Calais پورٹ پر امیر صاحب جماعت بیلجیئم مکرم سید حامد محمود شاہ صاحب، زاہد محمود صاحب سیکرٹری وقف جدید، منیر انجم صاحب سیکرٹری وقف نو، فرید یوسف صاحب سیکرٹری صنعت وتجارت عدیل الرحمٰن صاحب سیکرٹری سمعی و بصری، بشارت احمد صاحب صدر جماعت Antwerpen چوہدری خالد صاحب سیکرٹری دعوت الی اللہ Antwerpen، کریم اللہ صاحب صدر جماعت Turnhout، توقیر افضل احمد صاحب قائمقام صدر مجلس خدام الاحمدیہ اپنی خدام کی سیکیورٹی ٹیم کے ساتھ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے استقبال کے لئے موجود تھے۔ یہاں سے جماعت بیلجیئم کی گاڑیوں نے قافلے کو Escort کیا اور قافلہ Calais پورٹ سے بیلجیئم کے شہر برسلز کے لئے روانہ ہوا۔ قریباً 35 میل کا سفر طے کرنے کے بعد فرانس کا بارڈر کراس کرکے ملک بیلجیئم کی حدود میں داخل ہوئے۔ یہاں بارڈر سے برسلز (Brussels) شہر کا فاصلہ 79 میل ہے۔

دوران سفر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مکرم امیر صاحب بیلجیئم کو جو قافلہ کو Escort کرنے والی گاڑی میں سفر کر رہے تھے۔ پیغام بھجوایا کہ برسلز مشن ہاؤس پہنچتے ہی نماز ظہر وعصر ادا کی جائیں گی۔ اس لئے احباب کو ہدایت کریں کہ وہ نمازوں کی ادائیگی کے لئے تیار رہیں۔

بیلجیئم میں ورود مسعود

Calais پورٹ سے قریباً دو گھنٹہ بیس منٹ کے سفر کے بعد بیلجیئم کے مقامی وقت کے مطابق چھ بجکر چالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا برسلز کے مشن ہاؤس "بیت السلام" میں ورود مسعود ہوا۔

مکرم امیر صاحب بیلجیئم اور مکرم حافظ احسان سکندر صاحب مربی سلسلہ بیلجیئم نے حضور انور سے شرف مصافحہ کی سعادت حاصل کی۔ حضور انور نے نماز کی تیاری کی ہدایت فرمائی اور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

احباب جماعت کی ایک بہت بڑی تعداد کے پیش نظر مشن کے احاطہ میں ایک مارکی لگا کر نمازوں کی ادائیگی کا انتظام کیا گیا تھا۔ جہاں احباب حضور انور کی آمد کے منتظر تھے۔ سات بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مارکی میں تشریف لاکر نماز ظہر وعصر جمع کرکے پڑھائی۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد سب احباب کو السلام علیکم کہا اور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

بیلجیئم کی جماعتوں برسلز، Beringen، Oostenden، St. Truiden، Turnhout، Hassel، Liege، Lier، Eupen اور Antwerpen سے آنے والے پانچ صد سے زائد احباب جماعت مرد وخواتین نے اپنے پیارے آقا کی اقتداء میں نمازیں ادا کرنے کی سعادت حاصل کی۔ بعض فیملیاں پونے دوصد کلومیٹر کا فاصلہ طے کرکے اپنے پیارے آقا کے دیدار کے لئے۔ یہاں پہنچی تھیں۔ ایک بہت بڑی تعداد یکصد کلومیٹر سے زائد کا فاصلہ طے کرکے آئی تھی۔ ان میں مختلف اقوام سے تعلق رکھنے والے نومبائعین بھی تھے۔ عربی بھی تھے، افریقن بھی تھے، یورپین بھی تھے اور ایشین بھی تھے اور سبھی اپنے محبوب امام کی زیارت کے لئے بیتاب تھے۔ جہاں انہوں نے شرف زیارت حاصل کیا وہاں اپنے آقا کی اقتداء میں نمازیں ادا کرکے تسکین پائی۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے لاہور کے دردناک واقعہ کے بعد جماعت احمدیہ کو مختلف TV چینلز کے ذریعہ میڈیا میں اپنا موقف پیش کرنے کا موقع مل رہا ہے۔

آج ایک ایسا ہی پروگرام Ahlebait TV پر Live آرہا تھا جس میں لاہور کے واقعہ اور دہشت گردی پر ایک ڈسکشن پروگرام میں جماعت کے نمائندہ کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔ مکرم عبدالمومن طاہر صاحب انچارج عربی ڈیسک یوکے نے جماعتی نمائندہ کے طور پر اس پروگرام میں شرکت کی۔

سوا آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مشن ہاؤس کے اس حصہ میں تشریف لے آئے جہاں یہ پروگرام دیکھا جارہا تھا۔ حضور انور نے آخر تک یہ پروگرام دیکھا۔ اس پروگرام میں ایک شیعہ عالم اور ایک تبصرہ نگار بھی شامل تھے۔ مکرم عبدالمومن طاہر صاحب نے بہت اچھے رنگ میں جماعت کا موقف پیش کیا۔ پروگرام پیش کرنے والے دوست جاوید زیدی صاحب نے اور دوسرے دونوں مہمان حضرات نے لاہور کے واقعہ کی شدید مذمت کی اور اسے ظلم قرار دیا۔

تقریب بیعت

آج پروگرام کے مطابق نماز مغرب وعشاء کی ادائیگی سے قبل بیعت کی تقریب تھی۔ سوا دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مارکی میں تشریف لائے اور حافظ احسان سکندر صاحب مربی سلسلہ بیلجیئم سے فرمایا کہ نماز فجر کا وقت چار بجے رکھا ہوا ہے۔ یہ بات درست ہے کہ صبح صادق کے طلوع کے حساب سے چار بجے وقت بنتا ہے لیکن سنتوں کی ادائیگی کے لئے بھی وقت چاہئے۔ اس لئے نماز فجر کا وقت سوا چار بجے بنتا ہے یہی وقت رکھیں۔

اس کے بعد بیعت کی تقریب ہوئی جس میں آٹھ مرد احباب اور تین خواتین نے بیعت کرنے کی سعادت پائی۔ مرد حضرات نے حضور انور کے دست مبارک پر اپنے ہاتھ رکھے جبکہ خواتین نے لجنہ ہال میں دیگر خواتین کے ساتھ بیعت کی توفیق پائی۔ ان بیعت کرنے والوں کا تعلق مراکش، الجیریا، Congo، بنگلہ دیش اور پاکستان سے تھا۔

بیعت سے قبل سبھی نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے شرف مصافحہ حاصل کیا۔ یہ لوگ مصافحہ کرتے ہوئے۔ حضور انور کے ہاتھ کو چومتے، حضور کا ہاتھ اپنے رخسار پر ملتے اور بعض تو روتے جاتے تھے۔ ہر ایک اپنے اپنے رنگ میں برکتیں حاصل کر رہا تھا اور اپنی زندگی کی اس نہایت قیمتی گھڑی سے لمحہ لمحہ فیضیاب ہو رہا تھا۔ بیعت کی تقریب کے بعد سبھی نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔ دوران نماز بھی سجدوں کے دوران بڑے رقت انگیز مناظر دیکھنے میں آئے۔ لاہور کے دردناک واقعہ کا دنیا کے ہر کونے میں بسنے والے ہر احمدی کے دل پر اتنا گہرا اثر ہے کہ ناقابل بیان ہے۔ صبر ورضا کے ان متوالوں نے اپنی سجدہ گاہوں میں اس غم کو زندہ رکھا ہوا ہے۔ حضور انور کے مبارک وجود سے ہر ایک تسکین پاتا ہے اور غمزدہ دلوں کو ڈھارس ملتی ہے۔ یہ غم یقیناً ایک عظیم الشان انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوگا اور فتوحات کے دروازے احمدیت کے لئے کھولے جائیں گے اور شہداء احمدیت کے خون کا ایک ایک قطرہ کامیابیوں کی نوید لے کر آئے گا۔ مخالفین کے ظلم وستم کے یہ ستائے ہوئے اللہ کے بندے اس روز خوش ہوں گے اور دشمن رسوا ہوں گے۔ یہی تقدیر الٰہی ہے اور یہ اٹل ہے اور ہم

اس تقدیر کو ظاہر ہوتا ہوا دیکھیں گے۔

نماز مغرب وعشاء کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

نومبائعین کے تاثرات

آج بیعت کرنے والوں میں مراکش کے ایک دوست فاضل الحسینی صاحب ہیں۔ ان کی عمر چالیس سال ہے اور پیشے کے لحاظ سے وکیل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے احمدیت قبول کرنے کی سعادت MTA کے پروگرام الحوار المباشر کے ذریعہ ہوئی۔ میں نے آٹھ ماہ تک MTA پر آنے والے عربی پروگرام دیکھے جن سے مجھے جماعت کے عقائد کا پتہ چلا اور میری تمام غلط فہمیاں دور ہوگئیں اور آج میں نے حضور انور کے ہاتھ پر بیعت کرنے کی سعادت پائی ہے۔

ایک صاحب عبداللہ Kakani ہیں۔ ان کا تعلق بھی مراکش سے ہے انہوں نے اپنے بھانجے محمد غزاوی کے ذریعہ احمدیت کا پیغام سنا اور MTA پر آنے والے عربی پروگراموں اور الحوار المباشر کو باقاعدہ دیکھتے رہے اور اپنے عزیزوں کے زیر دعوت رہے اور آج بیعت کی سعادت پائی۔

آج بیعت کی توفیق پانے والوں میں ایک تیسرے دوست بشیر بن کاہلہ (Kahla) صاحب تھے۔ ان کا تعلق ملک الجیریا سے ہے۔ ان کا رابطہ بھی MTA کے ذریعہ ہوا اور عربی پروگرام دیکھتے رہے جب بھی کسی مسئلے پر شک ہوتا تو انٹرنیٹ کے ذریعہ سوال کرتے۔ یہاں تک کہ ان کے تمام شکوک رفع ہوگئے۔

یہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز میں MTA پر پروگرام الحوار المباشر دیکھ رہا تھا لوگ ٹیلیفون کر رہے تھے۔ میں نے دعا کی کہ اے اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے مجھے بھی کوئی نشان دکھا۔ چنانچہ اسی رات میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت مسیح موعود نے کسی کو مجھے بلوانے کے لئے بھیجا ہے میں جب حاضر ہوا تو دیکھا حضرت مسیح موعود بیت الذکر میں بیٹھے ہوئے ہیں اور آپ کے گرد مختلف اقوام کے لوگ بیٹھے ہیں۔ حضرت مسیح موعود علماء کی دشمنی کا ذکر کر رہے ہیں کہ میں نے ہر طرح کی دلیلیں انہیں دی ہیں لیکن ان علماء پر کوئی اثر نہیں۔ پھر آپ نے میری طرف مسکرا کر دیکھا اور میرے بالکل قریب ہوگئے۔ میں نے کہا کہ حضور کس قدر خوبصورت ہیں۔ آپ مجھے لے کر بیٹھ گئے اور میرے گھٹنے پر سبز رنگ کے کاغذ پر نیلے قلم سے لکھنے لگے اور فرمایا میں تمہیں (-) کی دلیلیں لکھ کر دیتا ہوں۔ میں نے کہا حضور میں تو آپ پر ایمان لاتا ہوں کہ آپ ہی مسیح موعود ہیں۔ آپ نے فرمایا میں آپ کو ایک تلوار بشیر کے نام سے دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا حضور میں اس کا حقدار نہیں ہوں۔ یہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے آواز آئی کہ اگر تم پیچھے مڑے بغیر اس تلوار کے ساتھ جاؤ گے تو جس دروازے سے چاہو جنت میں چلے جاؤ۔ میں نے غلام سے کہا دروازہ کھولو۔ اس طرح سے میں جنت میں داخل ہوگیا۔ میرا بیٹا عبدالقادر اور میری بیوی پہلے سے جنت میں موجود تھے۔

آج بیعت کی سعادت پانے والے ایک صاحب عمر Elhallabi صاحب تھے۔ موصوف کا تعلق بھی مراکش سے ہے اور تیس سال کے نوجوان ہیں انہوں نے بتایا کہ ان کو ان کے بھائی کے ذریعہ احمدیت کا تعارف ہوا۔ ان کے بھائی ہالینڈ میں مقیم ہیں۔ بھائی نے ان سے کہا کہ MTA کے پروگرام دیکھو یہ کہتے ہیں کہ میں بھائی سے ناراض ہوا کہ کیوں مجھے احمدیوں کے پروگرام دیکھنے کو کہتا ہے لیکن بھائی میرے پیچھے پڑا رہا کہ کم از کم ایک پروگرام ہی دیکھ لو۔ چنانچہ میں نے ایک پروگرام دیکھا اور پھر مجھ سے رہا نہ گیا اور مزید پروگرام دیکھے اور مستقل MTA دیکھنے لگا۔ میں جہاں بھی ہوتا۔ الحوار المباشر کا پروگرام دیکھنے کے لئے پہنچ جاتا۔ یہاں تک کہ میں نے بیعت کا فیصلہ کرلیا اور بیعت کے بعد میں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنے فضل سے کوئی نشان دکھائے۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضور انور بیلجیئم میں تشریف لائے ہیں اور ان کے ساتھ جناح کیپ پہنے ہوئے تین اشخاص ہیں۔ اس خواب کو دیکھے ایک ہی دن گزرا تھا کہ مجھے مشن ہاؤس سے فون آیا کہ حضور انور بیلجیئم تشریف لا رہے ہیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے میری خواب پوری کردی اور آج مجھے حضور انور کے ہاتھ پر بیعت کرنے کی سعادت عطا ہو رہی ہے۔

بیعت کرنے والے ایک اور دوست کا نام الحسن Akhusseen صاحب ہے۔ ان کا تعلق بھی مراکش سے ہے۔ موصوف اٹلی میں مقیم تھے لیکن وہاں پر کام نہیں ملتا تھا۔ جس پر انہوں نے بیلجیئم آنے کا ارادہ کیا اور مع فیملی یہاں آگئے۔

گزشتہ ماہ بیلجیئم سے ایک خاتون شمیسہ صاحبہ نے لندن جا کر بیعت کی تھی اور حضور انور سے ملاقات کا شرف حاصل کیا تھا۔ الحسن Akhusseen کی بیوی سے اس خاتون کی واقفیت تھی۔ جب شمیسہ صاحبہ لندن سے واپس آئیں تو الحسن صاحب کی بیوی نے ان کو فون کیا کہ اب ہم اٹلی سے بیلجیئم آگئے ہیں تم ہمارے لئے کوئی کام تلاش کرو۔ شمیسہ صاحبہ سوشل ورکر ہیں۔ انہوں نے کام کا جواب دینے کی بجائے ان سے پوچھا کہ آپ کو جماعت احمدیہ کا علم ہے۔ اس پر الحسن صاحب کی بیوی نے کہا کہ MTA دیکھا لیکن بہت زیادہ پتہ نہیں۔ چنانچہ شمیسہ صاحبہ نے ان کا جماعت سے، مشن سے رابطہ کروایا اور ان کو لٹریچر اور کتب دی گئیں اور انہوں نے باقاعدگی سے MTA کے پروگرام دیکھنے شروع کئے۔ یہ خود بیان کرتے ہیں کہ احمدیت کی برکت سے انہیں کام بھی مل گیا، گھر بھی مل گیا اور بیلجیئم میں قیام کے کاغذات بھی مل گئے۔ یہ سب کچھ احمدیت قبول کرنے کی وجہ سے ہوا۔

مکرم الحسن Boguna صاحبہ کا تعلق بھی مراکش سے ہے۔ 46 سال ان کی عمر ہے۔ انہوں نے 2003ء سے MTA کے پروگرام دیکھنے شروع کئے۔ ان کی خواہش رہی کہ لندن جا کر حضور انور سے ملوں۔ لیکن جا نہیں سکے۔ MTA پر پروگرام دیکھتے رہے۔ اب دو ماہ قبل احمدیت میں داخل ہونے کی توفیق ملی اور آج حضور انور کے دست مبارک پر بیعت کرنے کا شرف عطا ہوا ہے۔ یہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے بیعت کرنے سے قبل خواب میں دیکھا تھا کہ میں حضور انور کے دائیں طرف کھڑا ہوں اور بائیں طرف امریکہ کا صدر کھڑا ہے۔ امریکہ کے صدر نے مجھے سفید لباس میں ایک چھوٹی سی بچی دی ہے۔ بعد میں، میں نے حضور کے ہاتھوں کو بوسہ دیا اور حضور نے میرے سر پر پیار دیا اور مجھے اپنے ساتھ بٹھالیا۔ یہ بہت ہی مبارک خواب تھا۔ میں حضور کے ساتھ بیٹھا دست مبارک کو چوما اور بیعت کی سعادت پائی۔

بیعت کرنے والوں میں ایک دوست Kashem SKA صاحب تھے۔ ان کا تعلق بنگلہ دیش سے ہے۔ یہ ایک احمدی دوست اظہارالدین صاحب کے زیر دعوت رہے۔ بنگلہ زبان میں جماعت کا لٹریچر پڑھا اور تسلی ہونے پر بیعت کرنے کا فیصلہ کیا۔

پاکستان سے تعلق رکھنے والے ایک دوست یاسر ملک صاحب نے بھی آج بیعت کی سعادت حاصل کی۔ موصوف بچپن سے ہی بیلجیئم میں رہائش پذیر ہیں۔ ایک احمدی نوجوان شریف احمد صاحب کے زیر دعوت رہے اور بعد میں دس ماہ تک مربی سلسلہ بیلجیئم کے زیر دعوت رہے۔

انہوں نے بیعت کا فیصلہ کرنے سے قبل رویا میں دیکھا کہ بہت سے لوگ ہیں۔ تھوڑی دیر میں لڑائی شروع ہوجاتی ہے۔ اسی اثناء میں سیلاب آجاتا ہے اور لوگ اس میں بہنے لگتے ہیں۔ مجھے ڈر پیدا ہوتا ہے کہ میں بھی اس سیلاب میں بہہ جاؤں گا لیکن ایک ہاتھ آیا اس نے کہا ڈرو نہیں میں تمہیں بچاتا ہوں۔ اس طرح میں ہلاک ہونے سے بچ گیا۔ جب یہ خواب انہوں نے یہاں کے مربی سلسلہ کو سنایا تو انہوں نے حضرت اقدس مسیح موعود اور خلفائے احمدیت کے فوٹو دکھائے تو انہوں نے تصاویر دیکھتے ہی کہا کہ پہلے خلیفہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے انہیں بچایا ہے۔

اس خواب کے بعد انہوں نے بیعت کرنے کا فیصلہ کیا اور آج حضور انور کے دست مبارک پر بیعت کرنے کی سعادت پائی۔

افریقہ کے ملک Congo سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون عائشہ Matshiban صاحبہ نے بھی آج بیعت کرنے کی سعادت پائی۔ موصوفہ نے حضرت اقدس کی مسیح موعود کی کتب کا مطالعہ کیا اور مشن ہاؤس آتی رہیں۔ MTA اور DVD کے ذریعہ جماعت کی مکمل معلومات حاصل کیں اور بتایا کہ ایک لمبے عرصہ سے سچائی کی تلاش میں تھی۔ بیلجیئم میں حضور انور کی آمد کا سنا تو مشن ہاؤس تشریف لائیں اور کہا کہ میں آج ہی بیعت کرنا چاہتی ہوں۔ چنانچہ بیعت کر کے احمدیت میں شامل ہوئیں۔

انہوں نے صدر لجنہ کے ذریعہ پیغام بھیجا کہ میں حضور انور کا دیدار کرنا چاہتی ہوں۔ نماز مغرب وعشاء پر بعض انتظامی معاملات کی وجہ سے تاخیر ہوگئی اور دیدار نہ کرسکیں۔ تو روتی رہیں اور کہنے لگیں کہ میں اب واپس نہیں جاؤں گی، جب تک حضور انور کے چہرہ مبارک کو نہ دیکھ لوں۔ چنانچہ مشن ہاؤس میں ٹھہری رہیں اور صبح فجر کی نماز سے پہلے ہی باہر نکل کر کھڑی ہوگئیں اور فجر کی نماز پر جاتے ہوئے۔ حضور انور کا دیدار کیا اور بار بار اس سعادت کے حصول پر اپنی خوشی کا اظہار کرتی رہیں۔

ایک خاتون خدیجہ Dahaoui صاحبہ قبل ازیں لندن جا کر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی سعادت پا چکی تھیں اور احمدیت میں شامل ہونے کا اظہار کر چکی تھیں۔ موصوفہ کا تعلق مراکش سے ہے اور یہ اٹلی اور بیلجیئم میں مراکش ایمبیسیز میں وائس کونسلر رہی ہیں۔ موصوفہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں حضور انور کے سامنے بیٹھی ہوں۔ حضور کا چہرہ بہت نورانی ہے۔ جب میں نے لندن جا کر ملاقات کی تو جیسے خواب میں نورانی چہرہ دیکھا ویسا ہی پایا۔ آج موصوفہ نے بھی بیعت کی سعادت حاصل کی۔

تیسری خاتون جنہوں نے آج بیعت کی سعادت پائی ان کا نام شمیسہ الحکمی ہے اور ان کا تعلق بھی مراکش سے ہے۔ یہ بھی لندن جا کر حضور انور سے ملاقات کا شرف پا چکی تھیں۔ یہ بھی MTA کے پروگرام دیکھ کر جماعت کے بہت قریب آگئیں اور کہتی ہیں کہ اگر آج دنیا میں کوئی پُرامن جماعت ہے اور دین حق کی خدمت کرنے والی جماعت ہے تو وہ جماعت احمدیہ ہی ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات اور بیعت کرنے کے بعد کہا کہ میں سمجھتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس دنیا میں ہی جنت دکھادی ہے۔

یہ سبھی بیعت کرنے والے، بیعت سے قبل ہی اپنے ایمان واخلاص میں آگے بڑھ رہے تھے۔ مکرم عمر Elhallabi صاحب جب مشن ہاؤس آئے تو حضرت مسیح موعود کی تصویر دیکھتے ہی رونا شروع کردیا اور کہنے لگے مجھے جن کی تلاش تھی وہ مل گئے ہیں۔ آج اللہ نے میری دعا سن لی ہے۔

مکرم الحسن Boguna صاحب نے بیعت کرنے سے قبل ہی غیر از جماعت امام کے پیچھے نماز پڑھنا چھوڑ دی اور احمدیت کی تشہیر شروع کردی۔ ان کی مخالفت شروع ہوئی۔ انہوں نے حضور انور کو دعا کے لئے خط لکھا۔ حضور انور کی طرف سے اس کا جواب موصول ہوا۔ یہ جب ایک دن مشن ہاؤس آئے تو ان کو حضور انور کی طرف سے موصولہ خط دیا۔ انہوں نے خط پڑھنے سے قبل ہی اس کو چومنا شروع کردیا کہ یہ حضور کا خط ہے۔ محبت میں اس قدر فدا تھے کہ خط کو اپنے جسم کے ساتھ ملنا شروع کردیا کہ یہ میرے آقا کا خط ہے۔

جماعت احمدیہ بیلجیئم کا تعارف

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جماعت احمدیہ بیلجیئم

کی تعداد نئے شامل ہونے والوں کے ساتھ مسلسل بڑھ رہی ہے اور ہر آنے والا دن نئی کامیابیوں کے ساتھ طلوع ہوتا ہے۔

بیلجیئم میں جماعت کا باقاعدہ قیام 1982ء میں ہوا۔ اس وقت سات خدام چار بچے اور چند خواتین تھیں۔ اب یہاں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ملک کے دس شہروں میں چودہ صد سے زائد احباب پر مشتمل بڑی مضبوط اور فعال جماعتیں قائم ہو چکی ہیں اور حکومت کے سرکردہ حکام کا رابطہ بھی جماعت کے ساتھ بڑھ رہا ہے۔ ابھی کچھ دن قبل ملک کی نائب وزیراعظم .Hon Joelle Milquet جماعت احمدیہ بیلجیئم کے ساتھ شہدائے لاہور کی تعزیت کے لئے آئی تھیں اور اس دردناک واقعہ پر افسوس اور دکھ کا اظہار کیا اور قریباً ایک گھنٹہ احباب جماعت کے ساتھ رہیں۔ اس موقعہ پر موصوفہ نے تصویری نمائش بھی دیکھی۔ نمائش میں حضرت اقدس مسیح موعود خلفائے احمدیت اور بعض دیگر مواقع کی تصاویر کے علاوہ شہدائے احمدیت اور جماعت پر ہونے والے مظالم کی تصاویر تھیں۔ اس موقع پر موصوفہ نے تفصیل کے ساتھ جماعت کا تعارف حاصل کیا اور مرد و خواتین سے حکومت بیلجیئم کی طرف سے تعزیت کا اظہار کیا۔ بیلجیئم کی ممبر پارلیمنٹ Razzouk Souad صاحبہ بھی اس موقعہ پر موجود تھیں۔ موصوفہ Souad صاحبہ گزشتہ سال جلسہ سالانہ یوکے 2009ء میں شرکت کر چکی ہیں اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے لندن اور بیلجیئم میں بھی ملاقات کی سعادت حاصل کر چکی ہیں اور ہر میدان میں جماعت کی خدمت میں پیش پیش ہیں اور ان لوگوں میں سے ہیں جو اپنی دنیوی حیثیت کے لحاظ سے مختلف لیول پر جماعت کے حق میں آواز اٹھاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت بیلجیئم ہر لحاظ سے ترقی کر رہی ہے۔ جماعت احمدیہ بیلجیئم کا موجودہ مشن ہاؤس بیت السلام 1985ء میں خریدا گیا تھا۔ گزشتہ سال جماعت بیلجیئم کو برسلز شہر کے اندر Ucclie کے علاقہ میں مرکزی بیت الذکر کی تعمیر کے لئے ایک قطعہ زمین خریدنے کی توفیق ملی ہے جس میں دو رہائشی عمارات بڑی اچھی حالت میں تعمیر شدہ موجود ہیں۔ اس قطعہ زمین کا کل رقبہ 2019 مربع میٹر ہے۔

ایک عمارت 175 مربع میٹر کے رقبہ پر تعمیر کی گئی ہے اور تین منزلہ ہے۔ اس کے علاوہ 994 مربع میٹر کے رقبہ پر دو بڑے ہال نما گیراج ہیں۔ ان گیراج کے ایک حصہ کے اوپر دو منزلہ رہائشی عمارت تعمیر کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ 850 مربع میٹر کا رقبہ خالی ہے اور یہ ساری جگہ پختہ ہے۔ جہاں انشاء اللہ العزیز جماعت احمدیہ بیلجیئم کی پہلی مرکزی بیت الذکر تعمیر ہوگی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے گزشتہ سال اپنے دورہ بیلجیئم کے دوران 13 دسمبر 2009ء کو اس جگہ کا معائنہ فرمایا تھا۔ شہر کے مختلف اطراف سے بآسانی اس جگہ پر پہنچا جاسکتا ہے۔ ٹرام کا سٹاپ اس جگہ کے بالکل قریب ہے۔

ہمارے موجودہ جماعتی مشن ہاؤس بیت السلام سے 13 کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔ یہاں جماعت احمدیہ بیلجیئم کی پہلی باقاعدہ بیت الذکر کی تعمیر کا پراسس اس وقت مختلف مراحل سے گزر رہا ہے۔

20 جون 2010ء

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صبح سوا چار بجے مشن ہاؤس کے احاطہ میں نصب مارکی میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

آج پروگرام کے مطابق بیلجیئم سے جرمنی کے لئے روانگی تھی۔

جرمنی کے لئے روانگی

صبح سوا دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے۔ احباب جماعت حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے موجود تھے۔ بہت سے احباب جو نماز فجر کے لئے آئے تھے، مشن ہاؤس میں ہی رکے ہوئے تھے بلکہ ان میں سے اکثر نے رات مارکی میں ہی گزاری تھی تاکہ نماز فجر حضور انور کی اقتداء میں ادا کرسکیں اور حضور انور کو الوداع کہہ سکیں۔ ہمارے بعض نومبائع عرب احمدیوں نے بھی رات یہیں قیام کیا کہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی روانگی کے بعد ہی یہاں سے جائیں گے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور اجتماعی دعا کروائی اور پھر قافلہ بیلجیئم مشن ہاؤس بیت السلام سے فرینکفرٹ (جرمنی) کے لئے روانہ ہوا۔

جماعت بیلجیئم کی دو گاڑیاں قافلے کے ساتھ تھیں۔ ان میں سے ایک گاڑی قافلے کو Escort کر رہی تھی۔ پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق ان دونوں گاڑیوں نے بیلجیئم اور جرمنی کے بارڈر Aachen تک ساتھ جانا تھا اور وہاں سے جماعت جرمنی نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا استقبال کرنا تھا۔

برسلز سے Aachen بارڈر کا فاصلہ 95 میل (150 کلومیٹر) ہے۔ گیارہ بجکر پینتیس منٹ پر حضور انور کا قافلہ آخن (Aachen) بارڈر پر پہنچا۔ جہاں مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت جرمنی، مکرم حیدر علی ظفر صاحب مربی انچارج جرمنی، مکرم ڈاکٹر محمود احمد صاحب نائب امیر جرمنی، عدیل عباسی صاحب جنرل سیکرٹری، محمد الیاس مجوکہ صاحب نیشنل سیکرٹری دعوت الی اللہ صاحب، یحییٰ زاہد صاحب اسسٹنٹ جنرل سیکرٹری، مظفر عمران صاحب صدر خدام الاحمدیہ جرمنی، فیضان اعجاز صاحب نائب صدر خدام الاحمدیہ جرمنی، عمران ذکاء صاحب نائب صدر خدام الاحمدیہ جرمنی نے اپنی سیکیورٹی ٹیم کے ساتھ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا استقبال کیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہ شفقت گاڑی سے باہر تشریف لائے اور استقبال کے لئے آنے والے جماعتی عہدیداروں کو شرف مصافحہ بخشا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے کچھ دیر کے لئے امیر صاحب جرمنی سے گفتگو فرمائی، جلسہ سالانہ کی تیاری اور موسم وغیرہ کے تعلق میں دریافت فرمایا۔

یہاں کچھ دیر قیام کے بعد آگے روانگی سے قبل حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیلجیئم سے یہاں تک ساتھ آنے والے احباب مکرم حامد محمود شاہ صاحب امیر جماعت بیلجیئم مکرم حافظ احسان سکندر صاحب مربی انچارج بیلجیئم، ڈاکٹر ادریس احمد صاحب نیشنل سیکرٹری تعلیم و تربیت راجہ لطیف صاحب سیکرٹری جائیداد، عدیل الرحمٰن صاحب سیکرٹری سمعی و بصری، فرید یوسف صاحب سیکرٹری صنعت و تجارت مکرم محمود احمد ناصر صاحب سیکرٹری امور عامہ، نعیم احمد شاہین صاحب سیکرٹری وصایا، عزیز احمد طاہر صاحب سیکرٹری ضیافت، ملک خالد ریاض صاحب ایڈیشنل سیکرٹری مال، توقیر افضل صاحب قائمقام صدر خدام الاحمدیہ، بشیر احمد صاحب نائب صدر خدام الاحمدیہ اور خدام کی سیکیورٹی ٹیم کو شرف مصافحہ سے نوازا۔

گیارہ بجکر پینتالیس منٹ پر یہاں سے فرینکفرٹ کے لئے روانگی ہوئی۔ یہاں سے جماعت جرمنی کے مرکزی مشن ہاؤس بیت السبوح فرینکفرٹ کا فاصلہ 164 میل (263 کلومیٹر) ہے۔ یہاں سے جماعت جرمنی کی ایک گاڑی نے قافلے کو Escort کیا۔ دوسری دو گاڑیاں قافلے کے پیچھے تھیں۔

بیت السبوح میں

ورود مسعود

ایک بجکر چالیس منٹ پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا بیت السبوح فرینکفرٹ میں ورود مسعود ہوا۔ مکرم مبارک احمد تنویر صاحب نائب امیر و مربی سلسلہ جرمنی، مکرم ادریس احمد صاحب لوکل امیر فرینکفرٹ اور مکرم عبدالسمیع صاحب انچارج مینٹیننس بیت السبوح نے حضور انور کا استقبال کیا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔ نیشنل مجلس عاملہ کے ممبران اور مربیان سلسلہ بھی حضور انور کے استقبال کے لئے صف آراء تھے۔

فرینکفرٹ ریجن اور دوسری مختلف لوکل امارات سے احباب جماعت مرد و خواتین اور بچے بڑی تعداد میں یہاں پہنچے ہوئے تھے اور نماز کے ہال میں حضور انور کی آمد کے منتظر تھے۔

جونہی حضور انور گاڑی سے باہر تشریف لائے۔ ایک واقف نو بچے عزیزم عدنان رائے صاحب نے حضور انور کی خدمت میں پھول پیش کئے۔ ایک واقفہ نو بچی عزیزہ نوشابہ رائے نے حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی خدمت میں پھول پیش کئے۔ مکرمہ امۃ الحیٔ صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ جرمنی امۃ الجمیل غزالہ صاحبہ نیشنل سیکرٹری تربیت لجنہ جرمنی اور مکرمہ صفیہ چیمہ صاحبہ لوکل صدر لجنہ فرینکفرٹ نے حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کو خوش آمدید کہا۔

حضور انور نے امیر صاحب جرمنی کو ہدایت فرمائی کہ نماز کی تیاری کریں۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

سوا دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت السبوح میں تشریف لا کر نماز ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائی۔ احباب جماعت کی ایک بڑی تعداد نے شرف زیارت حاصل کیا اور حضور انور کی اقتداء میں نمازیں ادا کرنے کی سعادت پائی۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

پروگرام کے مطابق ساڑھے چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے، ایڈیشنل وکیل التبشیر صاحب اور ایڈیشنل وکیل المال صاحب نے دفتری ملاقات کی اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے مختلف امور میں ہدایات حاصل کیں۔

فیملی ملاقاتیں

بعد ازاں فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ فرینکفرٹ ریجن کی مختلف جماعتوں کے علاوہ Bielefell، Freiburg، Winhenden اور Dorthon کی جماعتوں سے آنے والی 38 فیملیز کے 122 افراد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ ان ملاقات کرنے والی فیملیز نے حضور انور کی خدمت میں اپنے مسائل اور معاملات پیش کر کے دعا کی درخواست کی اور راہنمائی حاصل کی۔ بچوں اور بچیوں نے اپنی تعلیم میں اور امتحانات میں کامیابی کے لئے اپنے پیارے آقا سے دعائیں لیں۔ بڑے بچوں کو حضور انور نے قلم عطا فرمائے اور چھوٹی عمر کے بچوں کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔ ان سبھی فیملیز نے حضور انور کے ساتھ تصاویر بنوانے کی سعادت بھی پائی اور دعاؤں کے خزانے لیتے ہوئے یہاں سے رخصت ہوئے۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام شام آٹھ بجکر چالیس منٹ تک جاری رہا بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

نو بجکر پچاس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت السبوح میں تشریف لا کر نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائی۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

مکرم مظہر احمد صاحب طیب

پروف ریڈنگ سے متعلق چند ضروری امور

جب کوئی مصنف کسی بھی قسم کی کوئی تحریر لکھتا ہے تو وہ پہلے مسودہ سے لے کر کتابی صورت میں منظر عام پر آنے تک کئی مراحل سے گزرتی ہے ان مراحل میں سے سب سے بنیادی اور اہم ترین مرحلہ پروف ریڈنگ کا ہے۔

اصولی طور پر پہلے پروف کی پروف ریڈنگ مصنف کی اپنی ذمہ داری ہے۔ چونکہ ایک تصنیف مصنف کی تخلیق یا تحریر ہوتی ہے۔ اس لئے اسے خود پروف ریڈنگ کرتے ہوئے نہ صرف یہ کہ کسی قسم کی کوئی دقت نہیں ہوتی بلکہ کسی دوسرے پروف ریڈر کی نسبت وہ خود پروف ریڈنگ کا زیادہ بہتر طور پر حق ادا کرسکتا ہے۔

کتابت کے دور میں عموماً مصنفین بذات خود کاتبوں کے ساتھ بیٹھ کر غلطیاں درست کروایا کرتے تھے اور پروف ریڈنگ کے لئے ایک مسودہ کی کئی کاپیاں نکالی جاتی تھیں اور پروف ریڈنگ میں نہایت احتیاط سے کام لیا جاتا تھا۔

لیکن موجودہ دور میں کمپیوٹر کی آمد نے آسانیوں کے ساتھ ساتھ بعض مسائل کو بھی جنم دے دیا ہے اور اب چونکہ کتابت کی جگہ کمپوزنگ نے لے لی ہے اور یہ کتابت کی بظاہر آسان لیکن دراصل پیچیدہ صورت ہے اس لئے اس میں غلطی کا زیادہ احتمال ہے۔ لیکن اکثر نوآموز کمپوزر حضرات اسے آسان خیال کرتے ہوئے سنجیدگی سے کام نہیں لیتے اور کمپوزنگ کی بے تحاشہ غلطیاں کرجاتے ہیں اور اس پر مستزاد یہ کہ پروف ریڈرز ملتے ہی نہیں لیکن اگر مل بھی جائیں تو وقت کی کمی کے باعث کماحقہ پروف ریڈنگ نہیں کرپاتے جس کی وجہ سے ایک اچھی بھلی کتاب اپنا لطف اور معیار کھودیتی ہے۔

ایک اچھے پروف ریڈر کیلئے ضروری ہدایات

پروف ریڈنگ کا بہتر طریق تو یہ ہے کہ ایک کے پاس اصل مسودہ ہو جس سے وہ اونچی آواز سے پڑھے اور دوسرا اس کی غلطیاں لگاتا جائے۔ بصورت دیگر فردِ واحد بھی پروف ریڈنگ کرسکتا ہے مگر اس کے لئے ضرورت ہے انتہائی توجہ اور انہاک کی۔

اور اگر کسی لفظ یا جملہ کی سمجھ نہ آئے تو مضمون نگار سے پوچھ لیا جائے۔

ایک اچھے پروف ریڈر کو زبان پر عبور ہونا چاہئے تاکہ وہ اپنی زبان دانی کی مہارت سے ایک نامکمل یا غلط عبارت کی بھی اصلاح کرسکے۔

بالغ النظر ہو اور تنقیدی نظر سے مطالعہ کرے تاکہ وہ غلطی کو فوراً پکڑ سکے۔

کثیر المطالعہ ہونا چاہئے تاکہ تاریخی یا علمی غلطی کی بھی اصلاح کرسکے۔

بات سمجھنے کی اہلیت بھی ہونی چاہئے تاکہ اگر کسی عبارت میں کوئی ابہام یا تضاد ہے تو اپنی ذاتی قابلیت سے وہ اس کی اصلاح کرسکے۔

پھر یہ کہ اس کام کو جلد بازی سے نہیں بلکہ تحمل سے کیا جائے اور اگر کوئی چیز سمجھ نہ آئے تو اس کے بارہ میں مضمون نگار سے مشورہ کرلے۔

کمپوزنگ کے آخر پر یہ تسلی کرلی جائے کہ آیا پروف کی تمام تر غلطیاں لگ گئی ہیں یا نہیں۔ اس کا ایک حل یہ ہے کہ اغلاط کی درستگی کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی نشاندہی کرتا جائے۔

مسودے کی فائنل سیٹنگ کے بعد بھی ایک مرتبہ اس کی پروف ریڈنگ ضروری ہے تاکہ سیٹنگ کی کوئی غلطی نہ رہ جائے۔ مثلاً ایک عبارت کے آخر پر ''خدا'' ہے اور ''تعالیٰ'' اگلے صفحہ پر ہے۔ یا بسا اوقات دو مختلف الفاظ جڑ جاتے ہیں جیسے ''بیگم صاحبہ منشی صاحب'' بیگم صاحبہ منشی بن جاتا ہے یا بعض اوقات ایک جملہ میں غیرضروری فاصلہ آجاتا ہے۔

کمپوزنگ کے دوران اغلاط کی چند مثالیں

